7191- ہجرت کیا ہے

سوال

دور حاضر میں اللہ تعالی کے راستے میں ہجرت کیسے ہوگی ؟

پسندیدہ جواب

اللہ تعالی کے راستے میں ہجرت یہ ہے کہ شرکیہ ملک سے اسلامی ملک کی طرف منتقل ہوجائے ، جس طرح اہل مکہ کے اسلام قبول کرنے سے قبل مسلمان مکہ سے مدینہ منتقل ہوئے تھے ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کے بعد مدینہ دارالاسلام بن گیا تھا ، اور انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مدینہ ہجرت کرنے کا مطالبہ کیا تھا .

اور ایک شرکیہ ملک سے کسی دوسرے قلیل شر اور برائی والے ملک کی طرف منتقل ہونے سے بھی ہجرت ہوتی ہے ، جہاں مسلمان کو خطرہ کم ہو ، جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے کچھ مسلمانوں نے مکہ مکرمہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے .